StudentBounty.com 2010

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________

Sig. of Invigilator.____________

# اُردو اختیاری ۔ ایچ ایس ایس سی-II

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر ا: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) ''باغ و بہار'' کی زبان کس شہر کی خالص بامحاورہ زبان ہے؟

الف۔ لاہور ب۔ لکھنؤ ج۔ دہلی د۔ کلکتہ

(ii) روئے زمین پر پہلا غم کس کا تھا جو قابیل کے سبب حضرت آدمؑ کے دل پر طاری ہوا؟

الف۔ اصحابِ کہف ب۔ ہابیل ج۔ حضرت یوسفؑ د۔ حضرت یعقوبؑ

(iii) عبدالحلیم شرر کی تصانیف کی تعداد کتنی ہے؟

الف۔ 70 ب۔ 80 ج۔ 90 د۔ 100

(iv) 'بوئے گل، نالۂ دل، دودِ چراغِ محفل جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا'

مختلف چیزوں میں متحد خاصیت اخذ کرنے کی مثال درج بالا شعر میں کس شاعر کی ہے؟

الف۔ غالبؔ ب۔ حالیؔ ج۔ اقبالؔ د۔ داغؔ

(v) سقراط نے اپنی بیوی کی کس چیز سے فائدہ اٹھایا جس سے وہ انتہا درجہ کی برداشت کا خوگر ہو گیا؟

الف۔ مستقل مزاجی ب۔ بدمزاجی ج۔ نرم مزاجی د۔ خوش مزاجی

(vi) 'حرف رسوا ہوئے صدا بن کر آبرو رہ گئی اشاروں کی'

درج بالا شعر کے خالق کون ہیں؟ (بحوالہ سبق۔ الفاظ کی کہانی)

الف۔ شان الحق حقی ب۔ میر تقی میر ج۔ ناصر کاظمی د۔ مولانا حالی

(vii) لفظوں میں جب منافقت پیدا ہو جاتی ہے تو وہ اثباتِ حقیقت کی بجائے کیا کرنے لگتے ہیں؟

الف۔ اظہارِ حقیقت ب۔ انکارِ حقیقت ج۔ اخفائے حقیقت د۔ اثباتِ حقیقت

(viii) وہ کون سا نشہ ہے جس سے آنکھوں کی پتلیاں سکڑ جاتی ہیں؟

الف۔ افیون ب۔ کوکین ج۔ چرس د۔ ہیروئن

(ix) قرآن مجید نے شراب کو حرام قرار دیا ہے اور اسے کیا کہا ہے؟

الف۔ ناجائز ب۔ ام الخبائث ج۔ معاشرتی خرابی د۔ غیر صحتمندانہ اقدام

(x) آنحضورؐ نے کس کو دیکھ کر فرمایا! ''مکہ تو مجھ کو تمام دنیا سے عزیز ہے لیکن تیرے فرزند مجھ کو رہنے نہیں دیتے''؟

الف۔ حضرت زبیرؓ ب۔ مسجد نبوی ج۔ کعبہ د۔ جناب امیرؓ

(xi) حضرت فاطمۃ زہراؓ جب کبھی آ جائیں تو آپؐ کیا کرتے تھے؟ (بحوالہ سبق۔ مجالسِ نبویؐ)

الف۔ سلام کرتے ب۔ دُعا دیتے

ج۔ خاموش ہو جاتے د۔ کھڑے ہو جاتے

StudentBounty.com 2010

دینِ اسلام کی بنیادی تعلیم کیا ہے؟

الف۔ اختلافِ رنگ　　ب۔ اختلافِ زبان　　ج۔ اختلافِ نسل　　د۔ خداشناسی

(xiii) ' تھی خبر گرم اُن کے آنے کی　　آج ہی گھر میں بوریا نہ ہوا '

درج بالا شعر کے شاعر کا نام کیا ہے؟

الف۔ غالبؔ　　ب۔ مومنؔ　　ج۔ اقبالؔ　　د۔ فیضؔ

(xiv) ہزل، پھکڑ، فحاشی سب کے ڈانڈے آ کر کیسی ظرافت سے مل جاتے ہیں؟

الف۔ ظرافتِ جدید　　ب۔ طنز　　ج۔ مسخ شدہ　　د۔ ظرافتِ قدیم

(xv) ' پیاسی جو تھی سپاہِ خدا تین رات کی　　ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی '

درج بالا شعر میں صنعت کی نشاندہی کیجیے۔

الف۔ حسنِ تعلیل　　ب۔ حُسنِ تجنیس　　ج۔ صنعت مراعاۃ النظیر　　د۔ صنعت لف ونشر

(xvi) وہ لفظ جس کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہو اسے اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

الف۔ تشبیہ　　ب۔ مقطع　　ج۔ مطلع　　د۔ استعارہ

(xvii) مثنوی ' شاہنامہ اسلام ' کس نے تحریر کی؟

الف۔ میر حسن　　ب۔ حفیظ جالندھری　　ج۔ نسیم لکھنوی　　د۔ مولانا حالی

(xviii) ' سرہانے میرؔ کے آہستہ بولو　　ابھی تک روتے روتے سو گیا ہے '

درج بالا شعر............ ہے۔

الف۔ مطلع　　ب۔ مقطع　　ج۔ روزمرہ　　د۔ محاورہ

(xix) ' مری قدر کر اے زمینِ سخن　　کہ میں نے تجھے آسماں کر دیا '

درج بالا شعر میں صنعت کی نشاندہی کیجیے۔

الف۔ صنعتِ تضاد　　ب۔ صنعتِ اعداد　　ج۔ صنعت حسنِ تعلیل　　د۔ صنعتِ زائد

(xx) کس عظیم شاعر کی وفات پر علامہ محمد اقبالؒ نے ایک پُر تاثیر مرثیہ لکھا؟

الف۔ مصحفی　　ب۔ داغ　　ج۔ انشا　　د۔ مومنؔ

---

برائے ممتحن:　　کُل نمبر : 20　　حاصل کردہ نمبر: ☐

------2HA-1038-------

StudentBounty.com 2010

# اُردو اختیاری ۔ ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 2:35 گھنٹے　　　　　　　　　　کُل نمبر حصہ دوم اورسوم: 80

نوٹ: حصہ ''دوم'' اور ''سوم'' 2 -1 صفحات پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

**سوال نمبر ۲:** **درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں:** (۱۰x۳=۳۰)

(i) سبق 'سیر دوسرے درویش کی' میں ''فقر'' اور ''سخی'' کے حروف کی وضاحت کریں۔

(ii) مولانا محمد حسین آزاد کے نزدیک' شاعر کو ایک نسبت خاص عالمِ بالا سے ہے' وضاحت کریں۔

(iii) عبدالحلیم شرر کے نزدیک اصلی خوشی کس دل میں زیادہ ہوتی ہے؟ (یا)

تخیل کی تعریف کیجیے۔ (بحوالہ سبق۔شعر کی ماہیت)

(iv) سقراط کے نزدیک عالی ظرف کی پہچان کیا ہے؟

(v) غالبؔ سے پہلے میرؔ کا اردو غزل گوئی میں کیا مقام تھا؟

(vi) 'بلبل چہک رہا تھا ریاضِ رسولؐ میں' دیے گئے مصرع میں مستعارلہ، مستعارمنہ اور وجہ جامع کی نشاندہی کیجیے۔

(vii) قصیدے کو کوئی سے تین حصّوں کے نام لکھیے۔ (یا)

قاتل نے لگایا نہ مِرے زخم پہ مرہم　　حسرت یہ رہی جی ہی کی جی میں، گئے مَر، ہم

درج بالا شعر میں کس صنعت کی نشاندہی کی گئی ہے؟ نیز اس کی تعریف لکھیں۔

(viii) گھر کی تاریک و تیرہ زنداں ہے　　سخت دل تنگ یوسفؑ جاں ہے

درج بالا شعر میں مشبہ، مشبہ بہ اور وجہ شبہ کی نشاندہی کیجیے۔

(ix) 'مصائب اور تھے پر دل کا جانا　　عجب اِک سانحہ سا ہوگیا ہے'

میر تقی میرؔ کے اس شعر میں کس چیز کے جانے کو سانحہ قرار دیا گیا ہے؟

(x) روزمرّہ کی تعریف کریں اور مثال سے واضح کریں۔ (یا)

محاورہ کی تعریف کریں اور مثال دیں۔

**سوال نمبر ۳:** **سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:** (۱+۱+۴=۶)

الف۔ اچھا ڈھکوسلا نکالا ہے۔بعد القاب کے شکوہ شروع کر دینا اور میرن صاحب کو اپنا ہم زبان کر لینا۔میں میر مہدی نہیں کہ میرن صاحب پر مرتا ہوں۔میر سرفراز حسین نہیں کہ ان کو پیار کرتا ہوں۔ علی کا غلام اور سادات کا معتقد ہوں، اس میں تم بھی آگئے۔کمال ہے کہ میرن صاحب سے محبت قدیم ہے، دوست ہوں، عاشقِ زار نہیں۔ بندۂ مہر و وفا ہوں، گرفتار نہیں۔

StudentBounty.com 2010

ب۔ الفاظ کی کہانی انسانی ارتقا کی کہانی ہے______ الفاظ کی تاریخ ہر ملک میں اپنے سماجی ماحول کے تابع رہی ہے، اس ماحول میں الفاظ نے جنم لیا، نشوونما پا کر جوان ہوئے، پھر پھلے پھولے اور حوادث و واقعات کے تحت لیل و نہار کا شکار ہو کر کبھی مضمحل و بیمار ہو گئے، کبھی بالکل مر گئے______ فقرے اور عبارتیں الفاظ کے طویل سلسلوں پر مشتمل ہوتی ہیں______ عبارتوں میں الفاظ ہی جان ڈالتے ہیں اور مختلف قسم کے جذبات و خیالات کی تصویر بن جاتے ہیں۔

سوال نمبر ۴: کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (۵=۴+۱)

الف۔
زُہد میں حضرت سلمانؓ کے برابر تھا کوئی
دولت فقر و قناعت میں ابوذرؓ تھا کوئی
صدق گفتار میں عمّارؓ کا ہمسر تھا کوئی
حمزۂ عصر کوئی ، مالکِ اشتر تھا کوئی

ب۔
کل پاؤں ایک کاسۂ سر پر جو آ گیا
یکسر وہ استخوان شکستوں سے چور تھا
کہنے لگا کہ دیکھ کے چل راہ بے خبر!
میں بھی کبھی کسی کے سرِ پُرغرور تھا

سوال نمبر ۵: کوئی سے تین غزلیہ اشعار کی فرداً فرداً تشریح کیجیے اور ہر شعر کے خالق کا نام بھی لکھیے: (۹=۳+۳+۳)

الف۔
مرا رنگ روپ بگڑ گیا، میرا یار مجھ سے بچھڑ گیا
جو چمن خزاں سے اُجڑ گیا، مَیں اُسی کی فصلِ بہار ہوں

ب۔
ابر کی طرح سے کردیں گے زمانے کو نہال
ہم جدھر جائیں گے یہ دیدۂ گریاں لے کر

ج۔
بھلا گردش فلک کی چین دیتی ہے کسے انشاؔ !
غنیمت ہے کہ ہم صورت یہاں دو چار بیٹھے ہیں

د۔
عمر ساری تو کٹی عشقِ بُتاں میں مومنؔ!
آخری وقت میں کیا خاک مسلماں ہوں گے

ہ۔
ایسا آساں نہیں لہو رونا
دل میں طاقت، جگر میں حال کہاں

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر ۶: اُردو مرثیہ نگاری میں میر انیس دبیرؔ کو کیا مقام حاصل ہے؟ (یا) (۱۰)
آمد اور آورد کی حالیؔ نے کیا تعریف کی ہے؟ وضاحت سے بیان کریں۔

سوال نمبر ۷: 'فسانۂ عجائب' کی سب سے بڑی خوبی لکھنوی تہذیب کی آئینہ داری ہے۔ مثالوں سے واضح کیجیے۔ (یا) (۱۰)
داستان گوئی، حسن بیان کا کمال ہے۔ میر امن کی 'باغ و بہار' سے دیے گئے اقتباس کے پیش نظر اس پر تبصرہ کیجیے۔

سوال نمبر ۸: خواجہ میر دردؔ صوفیانہ شاعری کے لیے مشہور ہیں۔ ان کی غزلوں میں صوفیانہ خیالات کی نشاندہی کیجیے۔ (یا) (۱۰)
ہیئت کے اعتبار سے قطعہ اور رباعی میں کیا فرق ہے؟ واضح کیجیے۔

------2HA-1038-----